# PAKISTAN WELFARE SOCIETY GHENT (PWSG)

Ondernemingsnr: 0886.772.796; Voluit: Pakistan Welfare Society Ghent

Verkort: PWS; Rechtsvorm: VZW

## پاکستان ویلفیئر سوسائٹی گینٹ

### آئین و منشور

**مقاصد۔** گینٹ میں پاکستانی بھائیوں کی کافی تعداد رہتی ہے مگر اب تک یہاں پر کوئی سماجی پلیٹ فارم قائم نہیں کیا جاسکا۔ اگرچہ تمام پاکستانی بھائیوں کی یہ خواہش رہی ہے کہ ایک ایسا پلیٹ فارم ہونا چاہیے جس کے ذریعے تمام لوگ اپنے وطن سے دور دیارِ غیر میں مل بیٹھ سکیں، ایک دوسرے کے مسائل سے آگاہ ہوسکیں، باہمی تعاون کی بنیاد پر مسائل کو حل کرنے کی مقدور بھر کوشش وغیرہ کرسکیں۔ خصوصی طور پر کسی بھائی کہ انتقال کی صورت میں اسکی تجہیزوتکفین کے معاملات نمٹنا اور اسکی ڈیڈ باڈی وطنِ عزیز تک پہچانے کیلئے انتظامات وغیرہ کرنا۔ یہ وہ مسائل ہیں جن کو حل کرنے کے لئے تمام بھائیوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونا بہت ضروری ہے۔ لہذا اس حوالہ سے بتاریخ۲۹ مئی ۲۰۰۴ء کو **پاکستان اسلامک کلچر سنٹر گینٹ** میں تمام پاکستانی بھائیوں کو بذریعہ لیٹر ایک جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی گئی جس میں لوگوں نے بھرپور انداز میں شرکت کی۔ لہذا تمام لوگوں کی آراء کی روشنی میں ایک سماجی تنظیم قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ تمام شرکاء کی متفقہ رائے کی بنیاد پر سماجی تنظیم کا نام ''پارکستان ویلفیئر سوسائٹی گینٹ'' رکھا گیا۔

### پاکستان ویلفیئر سوسائٹی کے اہم مقاصد

۱. گینٹ یا قرب وجوار میں مقیم کسی پاکستانی بھائی کے انتقال کی صورت میں اسکی تجہیزوتکفین کرنا یا اُس کی ڈیڈباڈی کو وطنِ عزیز تک پہنچانے کے انتظامات کرنا۔

۲. گینٹ میں مقیم پاکستانی بھائیوں کے درمیان اتفاق واتحاد پیدا کرنے کی کوشش کرنا۔

۳. تمام بھائیوں کے باہمی اختلافات کو دور کرکے بھائی چارہ کی فضاء قائم کرنے کی کوشش کرنا۔

۴. قومی ودینی تہوار منانے کا اہتمام کرنا۔

### دستوالعمل

**شق نمبر۱:** نام۔پاکستان ویلفیئر سوسائٹی گینٹ۔

**شق نمبر۲:** مرکزی دفتر- Brusselsesteenweg 637 9050 Gentbrugge Belgium

**شق نمبر۳:** ممبر شپ کیلئے شرائط: ہر عاقل وبالغ پاکستانی جو گینٹ شہر یا اس کے قرب و جوار میں رہتا ہوں تنظیم ھذا کا ممبر بننے کا اہل ہوگا

**شق نمبر۴:** یہ تنظیم دو اہم اداروں پر مشتمل ہوگی۔(۱) جنرل باڈی؛ (۲) انظامیہ باڈی۔

**شق نمبر۴(الف):** جنرل باڈی کے اختیارات:

۱. جنرل باڈی تمام ممبران پر مشتمل ہوگی؛

۲. انتظامیہ جنرل باڈی میں سے ہی منتخب کی جائینگی؛

۳. وقتاًفوقتاً انظامیہ کی معاونت کرنا؛

۴. انتظامیہ جب کلی طور پر تنظیم کو چلانے میں ناکام ہوجائے گی تو جنرل باڈی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ نئی انتظامیہ کا انتخاب عمل میں لایا جائے؛

۵. انتظامیہ کے آپس کے اختلافات ختم کرنے کیلئے جنرل باڈی اپنی ذمہ داریاں پوری کریگی.

## شق نمبر۴ (ب) انتظامیہ باڈی

یہ حسب ذیل عہدیداروں پر مشتمل ہے:

۱. صدر؛
۲. نائب صدر؛
۳. جنرل سیکرٹری؛
۴. جوائنٹ سیکرٹری؛
۵. سیکرٹری خزانہ؛
۶. آفس سیکرٹری؛
۷. سیکرٹری نشرواشاعت۔

### صدر کے اختیارات اور ذمہ داریاں

۱. تمام طرح کے اجلاسوں کی صدارت کرنا۔
۲. تنظیم کا تمام ریکارڈوحساب کتاب وقتاًفوقتاً چیک کرنا۔
۳. عہدیداروں کو دی گئی ذمہ داریوں کی نگرانی کرنا۔
۴. ہم کوئی عہدیدار اپنے فرائض منصبی صحیح طور پر ادا نہ کررہا ہو تو اسکو یاد دیہانی کیلیئے نوٹس جاری کرنا۔
۵. کوئی عہدیدار یا ممبر تنظیم کے خلاف کام کرتے ہوئے پایا جائے اور اس کے متعلق ٹھوس ثبوت مہیا ہوجائیں تو صدر ایسے ممبر یا عہدیدار کو برطرف کرسکتا ہے، تاہم اسکی منظوری جنرل باڈی کے اجلاس میں لینی ضروری ہوگی۔

### نائب صدر کے اختیارات اور ذمہ داریاں

نائب صدر، صدر کی عدم موجودگی میں صدر کے فرائض سر انجام دیگا۔

### جنرل سیکرٹری کے اختیارات اور ذمہ داریاں

۱. تنظیم کا تمام ریکارڈ جنرل سیکرٹری کی کسٹیڈی میں ہوگا۔
۲. تنظیم کی حساس چیزیں؛ مثلاً، مہر، لیٹرپیڈ، یا تنظیمی کارڈ وغیرہ جنرل سیکرٹری کے پاس ہونگے۔
۳. تمام طرح کے اجلاسوں کا اہتمام کرنا جنرل سیکرٹری کی ذمہ داری ہوگی۔ تاہم اس سلسلے میں صدر سے مشورہ کرسکتا ہے۔
۴. جنرل سیکرٹری تنظیمی پروگریس رپورٹ سے وقتاًفوقتاً صدر کو آگاہ کردیگا۔
۵. جنرل باڈی کے اجلاس میں سالانہ رپورٹ پڑھکر سنانا بھی جنرل سیکرٹری کی ذمہ داری میں شامل ہے۔
۶. تنظیم کی طرف سے خطوط جاری کرسکتا ہے، موصول شدہ خطوط کا جواب دے سکتا ہے، اگر صدر سے مشاورت ضروری ہوتو کر سکتا ہے۔

### جوائنٹ سیکرٹری کے اختیارات اور ذمہ داریاں

جنرل سیکرٹری کی عدم موجودگی میں جنرل سیکرٹری کے فرائض سرانجام دینا۔

## سیکرٹری خزانہ کے اختیارات اور ذمہ داریاں

۱. تنظیم کا تمام طرح کا حساب کتاب سیکرٹری خزانہ کے پاس ہوگا۔

۲. ممبران سے ماہانہ چندہ کی وصولی اور اس کا حساب رکھنا۔

۳. تمام ووچرز، رسیدیں ، چیک بکس، بنک سٹیٹمنٹ، یا دیگر بنک اکاؤنٹ سے متعلق کاغذات وغیرہ سیکرٹری خزانہ کے پاس ہونگے؛

۴. بنک میں کیش جمع کروانا یا کیش کو سیکرٹری خزانہ کی زمہ داری ہوگی، جبکہ کیش نکلوانے کیلئے صدر یا جنرل سیکرٹری کے دستخط ضروری ہونگے؛

۵. تمام چیکوں پہ سیکرٹری خزانہ کے ساتھ صدر یا جنرل سیکرٹری کے دستخط بھی لازمی ہونگے.

## آفس سیکرٹری کی ذمہ داریاں

۱. دفتر میں ریکارڈ کی دیکھ بھال؛

۲. تمام میٹنگز میں موجود رہنا؛

۳. صدر یا جنرل سیکرٹری کی معاونت کرنا.

## سیکرٹری نشرواشاعت کی ذمہ داریاں

تنظیمی پروگراموں کو تحریری شکل میں عوام تک پہچانا، ہنڈبل، پمفلٹ، اشتہارات، پوسٹر وغیرہ تیار کرنا اور تقسیم کرنا، اس سلسلے میں صدر یا جنرل سیکرٹری سے مشاورت کرنا.

## شق نمبر۵ ۔ ماہانہ چندہ

۱. ہر ممبر سالانا چندہ ادا کرے گا۔ اگر کوئی فرد چاہے تو پورے سال یا چھ ماہ کا چندہ(اڈوانس) بھی دے سکتا ہے؛

۲. فیملی کا سربراہ ماہانہ چندہ مبلغ پندرہ پچاس (۵۰) یورو ادا کرے گا؛

۳. بچے جب اپنا بوجھ اٹھانے کے قابل ہوجائیں گے تو فیملی میں تصور نہیں کئے جائیں گے؛

۴. تمام ممبران اپنا ماہانہ چندہ برائے راست تنظیم کے بنک اکاؤنٹ میں جمع کروانے کے پابند ہوں گے؛

**PAKISTAN WELFARE SOCIETY GHENT**

**ARGENTA SPAARBANK NV GIRO+ REKENING BE74 9796 2255 5907**

## شق نمبر٦ ۔ ممبرشپ کا خاتمہ

جس ممبر کا ماہانہ چند مسلسل تین(۳) ماہ تک تنظیم کے اکاؤنٹ میں جمع نہ ہوگا اسکی ممبرشپ ختم ہوجائے گی اور اس سے قبل جمع شدہ چندہ تنظیم کی ملکیت تصور کیا جائے گا، جو ناقابل واپسی ہوگا.

## شق نمبر۷ ۔ ممبرشپ کی بحالی

اگر کوئی فرد اپنی ممبرشپ بحال کروانا چاہے تو سابقہ بقایاجات ادا کرکے اپنی ممبرشپ بحال کراسکتا ہے.

### شق نمبر۸ ۔ فنڈ کا استعمال

تنظیم کے حوالہ سے جمع شدہ رقوم صرف انہی ممبران کے حق میں استعمال ہوگی جو اس تنظیم کے بضابط ممبر ہونگے۔ تاہم غیر ممبر کیلیئے تنظیم ہنگامی چندہ لیکر ضروری انتظامات کرے گی

.

### شق نمبر۹ ۔ ہنگامی چندہ

تنظیم کسی اہم مقصد کی تکمیل کیلیئے یا فنڈ میں اضافہ کرنے کیلیئے ہنگامی چندہ بھی لے سکتی ہے(جوکہ حسب توفیق ہوگا).

### شق نمبر۱۰ ۔ دستور میں ترمیم

دستور میں کسی طرح کی ترمیم و اضافہ کیلیئے انتظامی اور جنرل باڈی کے مشترکہ اجلاس میں دوتہائی کی اکثریتی رائے کی بنیاد پر فیصلہ کیا جائے گا.

### شق نمبر۱۱ ۔ تین رکنی کمیٹی

انتظامیہ اپنے وسیع اور پھیلے ہوئے کاموں کو نمٹانے کیلیئے یا کسی اہم مسئلہ کو حل کرنے کیلیئے اپنی صوابدید کی بنیاد پر جنرل باڈی میں سے تین افراد پر مشتمل ایک کمیٹی بنا کر متعلقہ معاملات اُس کے حوالے کرسکتی ہے.

### شق نمبر۱۲۔ میٹنگز

۱. جنرل باڈی اور انتظامیہ کی مشترکہ میٹنگ سال میں دو مرتبہ ہوگی تمام ممبران کو بضابطہ تحریری آگاہ کیا جانا ضروری ہوگا؛

۲. انتظامیہ کی میٹنگ۔ انتظامیہ ہر ماہ ایک میٹنگ کا اہتمام کرے گی جس میں تنظیم کی عمومی صورت حال کا جائزہ لیا جائے گا خصوصی طور پر ممبرسازی ماہانہ چندہ کی وصولی کے حوالہ سے عوامی رابطہ کیلیئے عہدیداران کو ذمہ داریاں دی جائیں گی.

### شق نمبر۱۳۔ الیکشن

الیکشن کے دو طریقے ہیں جو حالات، ماحول اور عوام کی مرضی کے مطابق کوئی ایک طریقہ اپنایا جائے گا:

۱. خفیہ رائے دہی یعنی ووٹ کاسٹ کرنا جو ایک جمہوری طریقہ ہے اور ساری دنیا میں رائج ہے؛

۲. جنرل باڈی کے اجلاس میں برےراست قابل اعتماد لوگوں کو منتخب کرنا، اور ہال ہی میں متعلقہ فرد کو کھڑا کرکے باقی احباب سے اُس کیلیئے رائے لینا وغیرہ۔

### شق نمبر۱۴۔ ڈیڈباڈی کو پاکستان بھیجنا

انتظامیہ ڈیڈباڈی کو پاکستان بھجوانیں میں مرحوم کے لواحقین کی مدد کرے گی۔